© rasailojaraid.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# ترانہ مسلم

شوق اعظمی

انتخاب: راشد صدیقی

مسلماں ہیں سچے مسلمان ہیں ہم
فقط دو کے پابند فرماں ہیں ہم
کتاب اور سنت پہ قرباں ہیں ہم
صداقت کی شمع فروزاں ہیں ہم
مسلماں ہیں سچے مسلماں ہیں ہم

موحد ہیں توحید پر ہیں نثار
کسی کی نہ الفت کا دل میں غبار
خدا سے محبت ہمارا شعار
فقط ذات واحد کے خواہاں ہیں ہم
مسلماں ہیں سچے مسلماں ہیں ہم

دلوں میں خدا کی محبت کا شوق
بہ توفیق حق ہے ہمارا یہ ذوق
گلے میں نبی کی اطاعت کا طوق
کہ شیدائی فضل رحماں ہیں ہم
مسلماں ہیں سچے مسلماں ہیں ہم

خداوند عالم تو ہے عرش پر
نہاں خانہ دل میں شام وسحر
مگر شش جہت ہے وہی جلوہ گر
مشرف بہ دیدار جاناں ہیں ہم
مسلماں ہیں سچے مسلماں ہیں ہم

خوشا بادہ معرفت کا سرور
نہ پوچھو جمال الٰہی کا نور
جھکاتے ہیں سر اپنے رب کے حضور
بہ فرط طرب اشک باراں ہیں ہم
مسلماں ہیں سچے مسلماں ہیں ہم

مجاہد ہیں باطل شکن حق نواز
بہ میدانِ پیکار ہیں ترکتاز
زر و گوہر وگنج سے بے نیاز
کہ اسلام کے شہسواراں ہیں ہم
مسلماں ہیں سچے مسلماں ہیں ہم

مجلی ہیں روشن خیالات سے
ہمیں کیا ضرورت خرافات سے
مبرا ہیں جھوٹی کرامات سے
کہ پابند احکام قرآں ہیں ہم
مسلماں ہیں سچے مسلماں ہیں ہم

(بقیہ صفحہ آخر پر ملاحظہ کیجیے)

© rasailojaraid.com